# PACKAGES LIMITED

Sec/159/2017

Karachi
1 August 2017

The Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir,

**NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING**

We append herewith a Notice of Extraordinary General Meeting of Packages Limited for your information. This Notice is being published in the press on Friday, 04 August 2017.

Best regards.

Yours sincerely,
For PACKAGES LIMITED

( Adi J. Cawasji )
Company Secretary

Encl: As above.

PACKAGES FOR EVERY PURPOSE

Head Office, Sales Office & Works :
SHAHRAH-E-ROOMI, P.O. AMER SIDHU, LAHORE - 54760, PAKISTAN PH : 35811541-46, 35811191-94 CABLE : PACKAGES LAHORE FAX : (042) 35811195

Registered Office & Regional Sales Office :
4TH FLOOR, THE FORUM, SUITE # 416-422, G-20, BLOCK 9, KHAYABAN-E-JAMI, CLIFTON, KARACHI-75600, PAKISTAN. PH : 35874047-49, 35378650-51, 35831618, 35833011 FAX: (021) 35860251

Regional Sales Office :
G. D. ARCADE, 2ND FLOOR, 73E FAZAL-UL-HAQ ROAD, BLUE AREA, ISLAMABAD-44000, PAKISTAN PH : 2348307-09, 2348306 FAX : (051) 2348310

**NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING
OF PACKAGES LIMITED**

NOTICE IS HEREBY GIVEN that an Extraordinary General Meeting of the members Packages Limited (the "**Company**") will be held on Monday, the 28th day of August, 2017 at 09:00 a.m., at the Auditorium of The Institute of Chartered Accountants of Pakistan, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi, to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the Annual General Meeting of the Company held on 25th April 2017.

**SPECIAL BUSINESS**

2. To consider and, if deemed fit, pass a special resolution pursuant to Section 199 of the Companies Act, 2017 to authorize investment by way of purchase of shares in Bulleh Shah Packaging (Private) Limited "BSP", an unlisted joint venture company.

(Attached to this Notice is a Statement of Material Facts covering the above-mentioned special business, as required under Section 134(3) of the Companies Act, 2017).

By Order of the Board

Karachi | Adi J. Cawasji
August 03, 2017 | Company Secretary

**Notes**:

1. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from August 22, 2017 to August 28, 2017 (both days inclusive).

2. A member eligible to attend and vote at the meeting may appoint another person as his proxy to attend, vote and speak at the meeting instead of him/her. A proxy need not be a member of the Company. The proxy forms duly completed and signed by the member appointing the proxy must be deposited with the Company's Share Registrar, FAMCO Associates (Private) Limited, 8F, Next to Hotel Faran, Nursery Block 6, P.E.C.H.S., Sharah-e-Faisal, Karachi, no later than forty-eight (48) hours before the time selected for the meeting. The Form of Proxy is attached with this notice.

3. Shareholders (Non-CDC) are requested to promptly notify the Company's share registrar of any change in their addresses.

4. Any individual beneficial owner having an account or sub-account with the Central Depository Company ("CDC"), entitled to vote at this Meeting, must bring his/her Computerized National Identity Card ("CNIC") with him/her to prove his/her identity, and in case of proxy must enclose an attested copy of his/her CNIC. The representatives of corporate bodies should bring attested copies of board of directors' resolution/powers of attorney and/or all such documents as are required under Circular No.1 dated 26 January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan for the purpose.

5. Clause 1(b) of SRO No. 1027(I)/2014 dated November 13, 2014 issued by the SECP states that "The company may provide video conference facility to its members for attending general meeting at places other than the town in which general meeting is taking place after considering the geographical dispersal of its members: Provided that if members, collectively holding 10% or more shareholding residing at a geographical location, provide their consent to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of meeting the company shall arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city."

   If you wish to take benefit of this facility, please fill the form appearing below and submit it to the Company at its registered address at least 10 days prior to the date of the meeting.

   The Company will intimate to the members the venue of the video conference facility at least 5 days before the date of the Extraordinary General Meeting along with all the information necessary to enable them to access the facility.

6. Members who have not yet submitted photocopy of their Computerized National Identity Cards to the Company are requested to send the same at the earliest.

7. The E-Voting facility permitted by the Securities and Exchange Commission of Pakistan by the Companies (E-Voting) Regulations, 2016 ("Regulations") shall not be available to the members for this meeting since the requirements of the Regulations that are required to be satisfied prior to the establishment of an E-Voting facility could not be satisfied.

**<u>Packages Limited</u>**
**<u>Statement of Material Facts under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017</u>**

**Item No.2 of the Notice**
**Investment in Bulleh Shah Packaging (Private) Limited**

Packages Limited (Company) is a public listed company with equity of Rs. 52,784.4 million as of December 31, 2016 and is desirous of making investment in BSP, an unlisted joint venture company, of upto US Dollar 8 million (equivalent to Rs. 850 million approximately subject to exchange variation on payment date) subject to certain adjustments by way of purchase of 35% shares from Stora Enso South Asia Holdings AB of Sweden (Stora Enso). The main reason for Stora Enso divestment of its shareholding in BSP is that BSP's asset base in Pakistan with its product mix and related future outlook has become a non-strategic fit in the Stora Enso's consumer board portfolio due to changed global growth outlook.

The Board of Directors believes that this investment shall be beneficial for shareholders of the Company and is expected to earn dividend income and prospective capital gains for the Company.

For this purpose, it is proposed to consider and, if thought fit, to pass the following resolution as a special resolution, with or without modification, for authorizing investment by way of acquiring shares of BSP pursuant to Section 199 of the Companies Act, 2017:

"**RESOLVED THAT**

1. the approval of the shareholders be and is hereby accorded under Section 199 of the Companies Act, 2017 for the investment by the Company of up to US Dollar 8 million (equivalent to Rs. 850 million approximately subject to exchange variation on payment date) subject to certain adjustments in BSP, an unlisted joint venture company, by way of purchase of 35% shares from Stora Enso subject to such regulatory approvals as are necessary for this investment;

2. as permitted in Regulation 8(1) of the Companies (Investment in Associated Companies or Associated Undertakings) Regulations 2012, it is specifically authorized by the members that the approval of the investment above will not lapse after 12 months and will continue till the investment is fully utilized;

3. the Chief Executive Officer and the Chief Financial Officer of the Company be and are hereby authorized jointly and/or singly to execute all documents and do all such acts and things ancillary thereto in order to consummate this investment, including, inter alia, the Share Purchase Agreement and;

4. the Chief Financial Officer and the Company Secretary of the Company be and are hereby authorized jointly and/or singly to take any and all such further actions as may be required for the investment by the Company in the ordinary shares of BSP authorized by this Special Resolution and to otherwise implement and give effect to this resolution."

The information required under the Companies (Investment in Associated Companies or Associated Undertakings) Regulations, 2012 ("Regulations") is provided below:

**<u>PACKAGES LIMITED</u>**

**(i) Name of the associated company or associated undertaking along with criteria based on which the associated relationship is established:**

BSP is an associated company of Packages Limited (the "**Company**") for the purposes of Section 199 of the Companies Act, 2017. The Company and BSP have three common Directors, Syed Hyder Ali, Syed Aslam Mehdi and Mr. Imran Khalid Niazi and the Company controls more than one-half of voting securities of BSP. This makes the Company and BSP associated companies, as a result, the approval of the Shareholders of the Company, by Special Resolution, under Section 199 of the Companies Act, 2017 is sought.

**(ii) Purpose, benefits and period of investment:**

The Board of Directors believes that this investment shall be beneficial for shareholders of the Company and is expected to earn dividend income and prospective capital gains for the Company. The period of the proposed equity investment is long term.

**(iii) Maximum amount of investment:**

Investment of up to US Dollar 8 million (equivalent to Rs. 850 million approximately subject to exchange variation on payment date) subject to certain adjustments is proposed to acquire ordinary shares of BSP. With this investment, BSP will become 100% wholly owned subsidiary of the Company from existing 65% shares.

**(iv) Maximum price at which securities will be acquired:**

The transaction will be executed at a negotiated price up to US Dollar 8 million (equivalent to Rs. 850 million approximately subject to exchange variation on payment date) subject to certain adjustments for acquisition of 35% equity shares in BSP from Stora Enso.

**(v) Maximum number of securities to be acquired:**

382,155,855 shares having face value of Rs. 10 each representing 35% equity shares in BSP.

**(vi) Number of securities and percentage thereof held before and after the proposed investment:**

The Company currently holds (before the proposed investment) 709,718,016 shares constituting 65% of the total paid-up capital of BSP.

After completion of the proposed investment, the total shareholding of the Company in BSP will increase to 1,091,873,871 shares constituting 100% of the total paid-up capital of BSP.

**(vii) In case of investment in listed securities, average of the preceding twelve weekly average price of the security intended to be acquired:**

Not applicable. BSP is an unlisted company.

**(viii) In case of investment in unlisted securities, fair market value of such securities determined in terms of Regulation 6(1):**

The fair value of BSP as determined by a chartered accountant firm M/s A.F. Ferguson (A member firm of Pricewaterhouse Coopers) is within range of Rs. 14.55/- to Rs. 19.02/- per share. On the basis of this valuation, the fair value of 35% equity shares falls in the range of Rs. 5,561.9 million to Rs. 7,269.5 million.

**(ix) Break-up value of securities intended to be acquired on the basis of the latest audited financial statements:**

Breakup value per ordinary share of BSP as per latest audited financial statements for the year ended December 31, 2016 is Rs. 11.46/-.

**(x) Earning per share of the associated company or associated undertaking for the last three years:**

| | Earning Per Share Rupees |
|---|---|
| December 31, 2016 | (0.92) |
| December 31, 2015 | (0.11) |
| December 31, 2014 | (0.13) |

**(xi) Sources of fund from which securities will be acquired:**

The Securities will be acquired out of Company's own source of funds.

**(xii) Where the securities are intended to be acquired using borrowed funds:**

**(I) justification for investment through borrowings; and**

Not applicable.

**(II) detail of guarantees and assets pledged for obtaining such funds**

Not applicable

**(xiii) Salient features of the agreement(s), if any, entered into with its associated company or associated undertaking with regards to the proposed investment:**

Subject to applicable corporate and regulatory approvals, the Company has entered into a Share Purchase Agreement with Stora Enso dated July 26, 2017 for acquisition of 35% equity shares in BSP at a negotiated price (subject to certain adjustment and currency exchange variation on payment date), which can be upto US Dollar 8 million (equivalent to Rs. 850 million approximately).

Stora Enso is planning a responsible exit and intend to leave a positive contribution in the society and the Company shall provide necessary support in their exit plans.

**(xiv) Direct or indirect interest of directors, sponsors, majority shareholders and their relatives, if any, in the associated company or associated undertaking or the transaction under consideration:**

1. Syed Hyder Ali, Syed Aslam Mehdi and Mr. Imran Khalid Niazi, Directors of the Company are also Directors of BSP and are interested to the extent of their Directorship in both the Company and BSP. Syed Hyder Ali is also Chief Executive Officer of the Company and Syed Aslam Mehdi is also Chief Executive Officer of BSP.

2. Syed Hyder Ali is also a shareholder of the Company (carrying 2.56% ordinary shares of the Company as of August 03, 2017) and is interested to the extent of his shareholding in the Company.

3. Stora Enso is currently holding 35% equity shares in BSP and is also a shareholder of the Company (carrying 6.04% ordinary shares of the Company as of August 03, 2017) and is also interested to the extent of its shareholding in both the Company and BSP.

**(xv) Any other important details necessary for the members to understand the transaction:**

Not applicable

**(xvi) In case of investment in securities of a project of an associated company or associated undertaking that has not commenced operations, in addition to the information referred to above, the following further information, is required, namely:**

**(I) description of the project and its history since conceptualization;**
**(II) starting and expected date of completion of work;**
**(III) time by which such project shall become commercially operational; and**
**(IV) expected time by which the project shall start paying return on investment:**

Not applicable

**Due Diligence Undertaking of the Directors:**

The Directors of the Company have, as required by the Regulation No. 3(3) of the Regulations, carried out the due diligence for the proposed investment in the ordinary shares of BSP for which shareholders' consent by Special Resolution set out above is required under Section 199 of the Companies Act, 2017. The recommendations of the said Due Diligence Report duly signed under the authority of the Directors will be made available for inspection by the shareholders at the Extraordinary General Meeting.

**Interest of the Investee Company, its Sponsors and Directors in the Company:**

1. Syed Hyder Ali, Syed Aslam Mehdi and Mr. Imran Khalid Niazi, Directors of the Company are also Directors of BSP and are interested to the extent of their Directorship in both the Company and BSP. Syed Hyder Ali is also Chief Executive Officer of the Company and Syed Aslam Mehdi is also Chief Executive Officer of BSP.

2. Syed Hyder Ali is also a shareholder of the Company (carrying 2.56% ordinary shares of the Company as of August 03, 2017) and is interested to the extent of his shareholding in the Company.

3. Stora Enso is currently holding 35% equity shares in BSP and is also a shareholder of the Company (carrying 6.04% ordinary shares of the Company as of August 03, 2017) and is also interested to the extent of its shareholding in both the Company and BSP.

**Audited Financial Statement of Bulleh Shah Packaging (Private) Limited:**

As required by Regulation 5 of the Regulations, Audited financial statements of Bulleh Shah Packaging (Private) Limited for the year ended December 31, 2016 shall be made available for inspection by the members at the Extraordinary General Meeting.

**Video Conferencing Consent Form**

I/ We ____________________ of __________________________, being a member of Packages Limited, holder of _________________ ordinary shares(s) as per Register Folio No. ____________ hereby opt for video conferencing facility at ________________.

____________________
Signature of member

# اطلاع غیر معمولی اجلاس عام
# پیکیجز لمیٹڈ

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ پیکیجز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ممبران کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز پیر 28 اگست 2017 کو صبح 09:00 بجے آڈیٹوریم، دی انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

## عمومی امور

1۔ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام منعقدہ 25 اپریل 2017 کی کارروائی کی توثیق۔

## خصوصی امور

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے مطابق ایک خصوصی قرارداد پر غور و خوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی منظوری جس کے تحت ایک اَن لسٹڈ جوائنٹ وینچر کمپنی بلے شاہ پیکیجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ ''بی ایس پی'' میں شیئرز کی خریداری کے ذریعے سرمایہ کاری کا اختیار دیا جائے۔

(نوٹس ہٰذا کے ساتھ مذکورہ بالا خصوصی کارروائی پر مشتمل ضروری حقائق کا ایک بیان منسلک ہے جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت ضروری ہے)۔

حسب الحکم بورڈ

عدی جے کاؤسجی

کمپنی سیکریٹری

کراچی

03 اگست 2017

تصریحات:

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 اگست 2017 تا 28 اگست 2017 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر اپنی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے، ووٹ دینے اور بولنے کے لئے کسی دوسرے فرد کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ ہر طرح سے باقاعدہ مکمل پراکسی فارم، جس پر پراکسی کا تقرر کرنے والے ممبر کی جانب سے دستخط بھی کئے گئے ہوں، لازمی طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8F، متصل ہوٹل فاران، نرسری بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو اجلاس کے لئے مقررہ وقت سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہوجائیں۔ پراکسی کا فارم نوٹس ہٰذا کے ساتھ منسلک ہے۔

3۔ شیئر ہولڈرز (نان-سی ڈی سی) سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کردیں۔

4۔ کوئی بھی انفرادی بینی فیشل اونر جو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (''سی ڈی سی'') کے پاس ایک اکاؤنٹ یا ضمنی اکاؤنٹ کا حامل ہے اجلاس ہٰذا میں ووٹ دینے کا استحقاق رکھتا/رکھتی ہے اور اسے اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے لازماً اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (''سی این آئی سی'') ہمراہ لانا ہوگا اور پراکسی کی صورت میں اپنے سی این آئی سی کی ایک مصدقہ کاپی لازمی طور پر منسلک کرنی ہوگی۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ اور/یا ایسی تمام دستاویزات جو کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس مقصد کے لئے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، مورخہ 26 جنوری 2000 کے تحت درکار ہوں، ہمراہ لائیں۔

5۔ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او نمبر 2014/(I)1027 مورخہ 13 نومبر 2014 کی شق نمبر (b)1 میں بیان کیا گیا ہے کہ ''کمپنی اپنے

ممبران کو اجلاس ہٰذا میں شرکت کے لئے، اس شہر کے علاوہ جہاں یہ اجلاس منعقد ہو رہا ہے، کسی دوسرے شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کر سکتی ہے جو اس کے ممبران کی جغرافیائی تقسیم پر غور کے بعد اس صورت میں فراہم کی جائے گی اگر کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم ممبران مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد حصص کے حامل ہوئے اور ان کی جانب سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کی خواہش کی اطلاع کمپنی کو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 روز قبل دی گئی تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کر دے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔''

اگر آپ اس سہولت سے استفادہ کرنے کے خواہشمند ہیں تو برائے مہربانی ذیل میں درج فارم کو بھریں اور کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ پتے پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن قبل جمع کرا دیں۔

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 5 دن قبل اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں تمام ضروری معلومات کے ساتھ مطلع کر دے گی۔

6۔ وہ ممبران جنہوں نے ابھی تک کمپنی کو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی ہے ان سے التماس ہے کہ وہ اسے فوری طور پر ارسال کر دیں۔

7۔ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کمپنیز (ای۔ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 (''ریگولیشنز'') کے ذریعے دی جانے والی ای۔ووٹنگ کی سہولت ممبران کو اجلاس ہٰذا کے لئے دستیاب نہیں ہوگی کیونکہ ریگولیشنز کی شرائط جس پر ای ووٹنگ سہولت کے قیام سے قبل مطمئن ہونا ضروری ہے ان پر ابھی تک اطمینان حاصل نہیں کیا جا سکا۔

## پیکیجز لمیٹڈ

## کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت ضروری حقائق کا بیان

## نوٹس کا آئٹم نمبر 2

## بلھے شاہ پیکیجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سرمایہ کاری

پیکیجز لمیٹڈ (کمپنی) 31 دسمبر 2016 کے مطابق 52,784.4 ملین روپے کی ایکویٹی کے ساتھ ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے اور ایک اَن لسٹڈ جوائنٹ وینچر کمپنی بی ایس پی میں 8 ملین امریکی ڈالر (لگ بھگ 850 ملین روپے کے مساوی جو ادائیگی کی تاریخ پر تبادلے کی شرح کے تغیر سے مشروط ہیں) کی سرمایہ کاری کی خواہشمند ہے جو کہ سوئیڈن کی اسٹورا اینسو ساؤتھ ایشیا ہولڈنگز اے بی (اسٹورا اینسو) سے 35 فیصد شیئرز کی خریداری کے ذریعے چند ایڈجسٹمنٹس سے مشروط ہے۔ اسٹورا اینسو ڈائی ویسٹمنٹ (divestment) کے لئے بنیادی وجہ بی ایس پی میں اس کی شیئر ہولڈنگ ہے کہ بی ایس پی کے اثاثوں کی بنیاد مع اس کا پروڈکٹس مکس اور منسلکہ مستقبل کا آؤٹ لک پاکستان میں ہے جس کی وجہ سے بدلتے ہوئے عالمی شرح ترقی کے تناظر کے باعث اسٹورا اینسو کے کنزیومر بورڈ کے پورٹ فولیو میں حکمت عملی کے لحاظ سے یہ غیر موزوں بن چکا ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یقین ہے کہ یہ سرمایہ کاری کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے لئے مفید ثابت ہوگی اور منافع منقسمہ کی آمدنی کے لئے ممکنہ حصول کے ساتھ کمپنی کے لئے متوقع سرمائے کے فوائد حاصل ہوں گے۔

اس مقصد کے لئے یہ تجویز کیا گیا ہے کہ درج ذیل قرارداد پر بطور خصوصی قرارداد غور کیا جائے اور اگر درست تصور کیا جائے تو اسے ترمیم یا بلا ترمیم منظور کیا جائے جس کے تحت کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے مطابق بی ایس پی کے شیئرز کے حصول کے ذریعے سرمایہ کاری کا اختیار دیا جا سکے گا:

قرار پایا کہ:

1۔ شیئر ہولڈرز کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت حاصل کی جاتی ہے کہ کمپنی کی جانب سے 8 ملین امریکی ڈالر (لگ بھگ 850 ملین روپے کے مساوی جو ادائیگی کی تاریخ پر تبادلے کی شرح کے تغیر سے مشروط ہیں) کی سرمایہ کاری کی جائے جو ایک ان لسٹڈ جوائنٹ وینچر کمپنی بی ایس پی میں کئی ایڈجسٹمنٹس سے مشروط ہے اور یہ سرمایہ کاری اسٹورا اینسو سے 35 فیصد شیئرز کی خریداری کے ذریعے کی جائے گی جو ریگولیٹری اجازت ناموں سے مشروط ہے

جواس سرمایہ کاری کے لئے ضروری ہوں؛

2۔ جیسا کہ کمپنیز (منسلکہ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز 2012 کے ریگولیشن (I)8 میں اجازت دی گئی ہے کہ ممبران کی جانب سے یہ خصوصی اختیار دیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا سرمایہ کاری کی منظوری 12 ماہ کے بعد بھی ضائع نہیں ہوگی اور سرمایہ کاری کے مکمل استعمال تک جاری رہے گی؛

3۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اجتماعی اور/ یا انفرادی طور پر بااختیار ہیں کہ وہ اس سرمایہ کاری پر عملدرآمد کے سلسلے میں تمام دستاویزات تیار کریں اور وہ ایسے تمام اقدامات اور کارروائیاں انجام دیں جو اس سلسلے میں درکار ہوں بشمول شیئر پرچیز ایگریمنٹ اور؛

4۔ کمپنی کے چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اجتماعی اور/ یا انفرادی طور پر وہ تمام اقدامات بروئے کار لائیں جو کمپنی کی جانب سے بی ایس پی کے عمومی شیئرز میں سرمایہ کاری کے لئے درکار ہوں اور اس خصوصی قرارداد کے نفاذ کے لئے درکار ہو۔

کمپنیز (منسلکہ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز 2012 (''ریگولیشنز'') کے تحت درکار معلومات ذیل میں فراہم کی گئی ہیں:

## پیکیجز لمیٹڈ

**(i) منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگ کا نام بشمول اہلیت کا معیار جس کی بنیاد پر متعلقہ تعلقات کا رقائم ہیں:**

بی ایس پی کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے مقاصد کے تحت پیکیجز لمیٹڈ (''کمپنی'') کی ایک منسلکہ کمپنی ہے۔ کمپنی اور بی ایس پی کے تین مشترکہ ڈائریکٹرز سید حیدر علی، سید اسلم مہدی اور جناب عمران خالد نیازی ہیں اور کمپنی بی ایس پی کے نصف سے زائد ووٹنگ سیکورٹیز کو کنٹرول کرتی ہے۔ اس نے کمپنی اور بی ایس پی کو منسلکہ کمپنیاں بنایا ہے اور اس کے نتیجے میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی اجازت درکار ہے۔

**(ii) سرمایہ کاری کا مقصد، فوائد اور مدت**

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یقین ہے کہ یہ سرمایہ کاری کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے لئے مفید ثابت ہوگی اور منافع منقسمہ کی آمدنی کے لئے ممکنہ حصول کے ساتھ کمپنی کے لئے متوقع سرمائے کے فوائد حاصل ہوں گے۔ مجوزہ ایکویٹی سرمایہ کاری طویل مدتی ہے۔

**(iii) سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ رقم:**

8 ملین امریکی ڈالر (لگ بھگ 850 ملین روپے کے مساوی جو ادائیگی کی تاریخ پر تبادلے کی شرح کے تغیر سے مشروط ہیں) تک کی سرمایہ کاری جس کی تجویز بی ایس پی کے عمومی شیئرز کے حصول کے لئے متعدد ایڈجسٹمنٹس سے مشروط ہے۔ اس سرمایہ کاری کے ساتھ بی ایس پی موجودہ 65 فیصد شیئرز سے کمپنی کی 100 فیصد مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ بن جائے گی۔

**(iv) زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکورٹیز حاصل کی جائیں گی:**

یہ منتقلی 8 ملین امریکی ڈالر (لگ بھگ 850 ملین روپے کے مساوی جو ادائیگی کی تاریخ پر تبادلے کی شرح کے تغیر سے مشروط ہیں) تک کے قابل گفت وشنید نرخ پر انجام دی جائے گی جو اسٹورا اینسو سے بی ایس پی میں 35 فیصد ایکویٹی شیئرز کے حصول کے لئے چند ایڈجسٹمنٹس سے مشروط ہے۔

**(v) حاصل کی جانے والی سیکورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد:**

-/10 روپے فی کی عرضی مالیت کے حامل 382,155,855 شیئرز جو بی ایس پی میں 35 فیصد ایکویٹی شیئرز کی نمائندگی کرتے ہیں۔

**(vi) مجوزہ سرمایہ کاری سے قبل اور بعد ازاں موجود سیکورٹیز کی تعداد اور فیصدی شرح**

کمپنی موجودہ طور پر (مجوزہ سرمایہ کاری سے قبل) 709,718,016 شیئرز کی حامل ہے جو بی ایس پی کے مجموعی ادا شدہ سرمائے کے 65 فیصد پر مشتمل ہے۔
مجوزہ سرمایہ کاری مکمل ہونے کے بعد بی ایس پی میں کمپنی کی مجموعی شیئر ہولڈنگ بڑھ کر 1,091,873,871 شیئرز ہو جائے گی جو بی ایس پی کے مجموعی ادا شدہ

سرمائے کے 100 فیصد پر مشتمل ہے۔

**(vii) لسٹڈ سیکورٹیز میں سرمایہ کاری کی صورت میں حاصل کی جانے والی متوقع سیکورٹی کے جاری بارہ ہفتہ وار اوسطاً نرخ کا اوسط**

لاگو نہیں ہوتا۔ بی ایس پی ایک ان لسٹڈ (unlisted) کمپنی ہے۔

**(viii) ان لسٹڈ سیکورٹیز میں سرمایہ کاری کی صورت میں ایسی سیکورٹیز کی موزوں مارکیٹ ویلیو کا تعین ریگولیشن (I)6 کی شرائط پر کیا جاتا ہے:**

بی ایس پی کی فیئر ویلیو جیسا کہ ایک چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ فرم میسرز اے ایف فرگوسن (پرائس واٹر ہاؤس کوپرز کی ایک ممبر فرم) کی جانب سے -/14.55 روپے تا -/19.02 روپے فی شیئر کی حدود کے اندر تعین کیا گیا تھا۔ اس ویلیوایشن کی بنیاد پر 35 فیصد ایکویٹی شیئرز کی موزوں اور فیئر ویلیو 5,561.9 ملین روپے تا 7,269.5 ملین روپے کی درمیان میں آتی ہے۔

**(ix) تازہ ترین آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی بنا پر متوقع حاصل کردہ سیکورٹیز کی بریک اپ ویلیو**

31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے سال کے لئے تازہ ترین آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کے مطابق بی ایس پی کے فی عمومی شیئر کی بریک اپ ویلیو -/11.46 روپے ہے۔

**(x) منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کی گزشتہ تین سالوں کے لئے آمدنی فی شیئر:**

| | آمدنی فی شیئر<br>روپے |
|---|---|
| 31 دسمبر 2016 | (0.92) |
| 31 دسمبر 2015 | (0.11) |
| 31 دسمبر 2014 | (0.13) |

**(xi) فنڈ کے ذرائع جن سے سیکورٹیز حاصل کی جائیں گی:**

سیکورٹیز کمپنی کے ذاتی ذرائع سے حاصل کی جائیں گی۔

**(xii) جہاں سیکورٹیز قرض کے ذریعے حاصل کردہ فنڈز کو استعمال کر کے حاصل کرنے کا ارادہ ہو:**

(I) قرضہ جات کے ذریعے سرمایہ کاری کی وضاحت: اور

لاگو نہیں ہوتا۔

(II) ایسے فنڈز کے حصول کے لئے مکفول گارنٹیز اور اثاثہ جات کی تفصیل۔

لاگو نہیں ہوتا۔

**(xiii) مجوزہ سرمایہ کاری کے ضمن میں ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ کے ساتھ کئے گئے معاہدے (معاہدوں)، اگر کوئی ہوں کی نمایاں خصوصیات**

کمپنی نے نافذ العمل کارپوریٹ اور ریگولیٹری اجازت ناموں سے مشروط، اسٹورا اینسو کے ساتھ مورخہ 26 جولائی 2017 کو بی ایس پی میں 35 فیصد ایکویٹی شیئرز کے حصول کے لئے ایک باہمی طے کردہ نرخ (ادائیگی کی تاریخ پر کرنسی کے تبادلے کی شرح میں تغیر اور چند ایڈجسٹمنٹس سے مشروط) جو کہ 8 ملین امریکی ڈالر (لگ بھگ 850 ملین روپے کے مساوی) ہوسکتے ہیں، پر شیئر کی خریداری کا معاہدہ کیا ہے۔

اسٹورا اینسو ذمے دارانہ اخراج کی منصوبہ بندی کر رہی ہے اور سماج میں ایک مثبت شراکت چھوڑنے کی خواہاں ہے لہٰذا کمپنی ان کے اخراجی منصوبے میں ضروری تعاون اور سپورٹ فراہم کرے گی۔

**(XIV) منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ یا زیرغور معاملات میں ڈائریکٹرز، اسپانسرز، اکثریتی شیئر ہولڈرز اوران کے عزیز واقارب کا بالواسطہ یا بلاواسطہ مفاد، اگر کوئی ہو:**

1۔ سید حیدر علی، سید اسلم مہدی اور جناب عمران خالد نیازی، جو کہ کمپنی کے ڈائریکٹرز اور بی ایس پی کے ڈائریکٹرز بھی ہیں وہ کمپنی اور بی ایس پی دونوں میں اپنی ڈائریکٹرشپ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔ سید حیدر علی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی ہیں اور سید اسلم مہدی بی ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی ہیں۔

2۔ سید حیدر علی کمپنی کے شیئر ہولڈر بھی ہیں (جن کے پاس 03 اگست 2017 کے مطابق کمپنی کے 2.56 فیصد عمومی شیئرز موجود ہیں) اور وہ کمپنی میں اپنی شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔

3۔ اسٹورا اینسو موجودہ طور پر بی ایس پی میں 35 فیصد ایکویٹی شیئرز کی حامل ہے اور کمپنی کی شیئر ہولڈر بھی ہے (جس کے پاس 03 اگست 2017 کے مطابق کمپنی کے 6.04 فیصد عمومی شیئرز موجود ہیں) اور وہ بھی کمپنی اور بی ایس پی دونوں میں اپنی شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتی ہے۔

**(XV) معاملات کو سمجھنے کی غرض سے ممبران کے لئے ضروری کوئی بھی دیگر اہم تفصیلات:**

لاگو نہیں ہوتا۔

**(XVI) منسلکہ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ کے کسی پروجیکٹ کی سیکورٹیز میں سرمایہ کاری کی صورت میں، جس کے آپریشنز کا آغاز نہ کیا گیا ہو، اس کے لئے مذکورہ بالا حوالہ شدہ معلومات کے علاوہ درج ذیل مزید اطلاعات بھی درکار ہیں، جن کے نام یہ ہیں:**

**(I)** پروجیکٹ کی تفصیل اور اس کی تشکیل سے اب تک کی تاریخ۔

**(II)** کام کے آغاز اور تکمیل کی متوقع تاریخ۔

**(III)** وہ وقت جس پر یہ پروجیکٹ تجارتی بنیاد پر کام شروع کردے گا: اور

**(IV)** وہ متوقع تاریخ جس پر پروجیکٹ سرمایہ کاری پر منافع کی ادائیگی شروع کرے گا۔

لاگو نہیں ہوتا۔

## ڈائریکٹرز کی جانب سے کرائی گئی ضروری یقین دہانی:

کمپنی کے ڈائریکٹرز کی جانب سے جیسا کہ ضوابط کی ریگولیشن (3)3 کے تحت ضروری ہے، بی ایس پی کے عمومی شیئرز میں مجوزہ سرمایہ کاری کے لئے ضروری یقین دہانی درکار ہوتی ہے جس کے لئے خصوصی قرارداد کے ذریعے شیئر ہولڈرز کی اجازت لی گئی جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے مطابق اوپر درج ہے۔ مذکورہ ضروری ڈیو ڈیلی جینس (Due Diligence) رپورٹ جو کہ ڈائریکٹرز کی اتھارٹی کے تحت باقاعدہ دستخط شدہ ہے، غیر معمولی اجلاس عام کے موقع پر شیئر ہولڈرز کے معائنے کے لئے دستیاب ہوگی۔

## انویسٹی کمپنی اس کے اسپانسرز اور ڈائریکٹرز کا کمپنی میں مفاد:

1۔ سید حیدر علی، سید اسلم مہدی اور جناب عمران خالد نیازی جو کہ کمپنی کے ڈائریکٹرز اور بی ایس پی کے ڈائریکٹرز بھی ہیں وہ کمپنی اور بی ایس پی دونوں میں اپنی ڈائریکٹرشپ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔ سید حیدر علی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی ہیں اور سید اسلم مہدی بی ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی ہیں۔

2۔ سید حیدر علی کمپنی کے شیئر ہولڈر بھی ہیں (جن کے پاس 03 اگست 2017 کے مطابق کمپنی کے 2.56 فیصد عمومی شیئرز موجود ہیں) اور وہ کمپنی میں اپنی شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔

3۔ اسٹورا اینسو موجودہ طور پر بی ایس پی میں 35 فیصد ایکویٹی شیئرز کی حامل ہے اور کمپنی کی شیئر ہولڈر بھی ہے (اس کے پاس 03 اگست 2017 کے مطابق کمپنی کے 6.04 فیصد عمومی شیئرز موجود ہیں) اور وہ بھی کمپنی اور بی ایس پی دونوں میں اپنی شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتی ہے۔

## بلھے شاہ پیکیجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ:

جیسا کہ ضوابط کے ریگولیشن نمبر 5 کے ذریعے ضروری ہے، 31 دسمبر 2016 کو ختم ہونے والے سال کے لئے بلھے شاہ پیکیجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات غیر معمولی اجلاس عام میں ممبران کے معائنے کے لئے دستیاب ہوں گے۔

**وڈیو کانفرنسنگ کے اجازت نامے کے لئے فارم**

میں/ ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رہائشی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پیکیجز لمیٹڈ کا/ کی ایک ممبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عام شیئر کا/ کی حامل بحوالہ رجسٹرڈ فولیو نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بذریعہ ہٰذا وڈیو کانفرنس سہولت بمقام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لینے کا انتخاب کرتا/ کرتی ہوں۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ممبر کے دستخط